UNIVERSITY OF CAMBRIDGE INTERNATIONAL EXAMINATIONS
General Certificate of Education Advanced Level

www.PapaCambridge.com

**URDU** **9676/04**

Paper 4 Texts **October/November 2013**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, highlighters, glue or correction fluid.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are **not** permitted.
You may **not** take set texts into the examination.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
All questions in this paper carry equal marks.

جواب لکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھ لیں۔

اگر آپ کو جواب لکھنے کی کاپی مہیا کی گئی ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر ہر جوابی کاپی پر لکھیں۔
صفحات کے دونوں طرف گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے جوابات لکھیں۔
اسٹیپلز، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند یا کرکشن فلوئیڈ استعمال نہ کریں۔
لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
آپ ایسی نصابی کتابیں کمرۂ امتحان میں لے جا سکتے ہیں جن پر ہاتھ سے کچھ لکھا ہوا نہ ہو۔

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیں لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف افسانے، ناول یا ڈرامے سے ہونا چاہیئے۔ آپ کے لئے پہلے اور دوسرے حصّے سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصّے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔
اپنے جواب اردو میں لکھیں۔
آپ کا ہر جواب **500** سے **600** الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔
اس پرچے میں دیئے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔
امتحان کے آخر میں تمام جوابی کاپیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.

DC (LEG) 91582
© UCLES 2013

UNIVERSITY *of* CAMBRIDGE
International Examinations

**[Turn over**

## Section 1

پہلا حصّہ

1 *Ghazlein*

## ا۔ غزلیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(الف)

دیکھ تو دل کہ جاں سے اٹھتا ہے

Content removed due to copyright restrictions.

کب یہ تجھ ناتواں سے اٹھتا ہے

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) یہ غزل کس حد تک میرؔ کی شاعری کی ترجمانی کرتی ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔

یا

(ب) ''حسرتؔ موہانی کی شاعری قدیم اور جدید کا سنگم ہے۔'' اشعار کے حوالے سے تبصرہ کیجیے۔

[25]

© UCLES 2013

www.PapaCambridge.com

www.PapaCambridge.com

## 2 *Nazmein*

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(الف)

دنیا عجب بازار ہے کچھ جنس یاں کی سات لے
نیکی کا بدلا نیک ہے بد سے بدی کی بات لے
میوہ کھلا میوہ ملے پھل پھول دے پھل پات لے
آرام دے آرام لے دکھ درد دے آفات لے

کلجگ نہیں کرجگ ہے یہ یاں دن کو دے اور رات لے
کیا خوب سودا نقد ہے اس ہات دے اس ہات لے

کانٹا کسی کے مت لگا گو مثلِ گل پھولا ہے تو
وہ تیرے حق میں تیر ہے کس بات پر بھولا ہے تو
مت آگ میں ڈال اور کو یہ گھاس کا پولا ہے تو
سن رکھ یہ نقطہ بے خبر کس بات پر پھولا ہے تو

کلجگ نہیں کرجگ ہے یہ یاں دن کو دے اور رات لے
کیا خوب سودا نقد ہے اس ہات دے اس ہات لے

(i) مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) ''اس نظم میں نظیر کی شاعری عروج پر نظر آتی ہے۔'' اس بیان پر نظیر کے انداز بیان کے حوالے سے تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) ''علامہ اقبال کی شاعری نے ہندوستان کے مسلمانوں کو روحانی طور پر مضبوط اور مستحکم کیا ہے۔'' آپ کی کیا رائے ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔

[25]

© UCLES 2013

www.PapaCambridge.com

**3** *Nazmein*

یں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(الف)

لو وہ چاہِ شب سے نکلا پچھلے پہر پیلا مہتاب
ذہن نے کھولی رکتے رکتے ماضی کی پارینہ کتاب
یادوں کے بے معنی دفتر خوابوں کے افسردہ شہاب
سب کے سب خاموش زباں سے کہتے ہیں اے خانہ خراب
گزری بات صدی یا پل ہو گزری بات ہے نقش بر آب
یہ روداد ہے اپنے سفر کی اس آباد خرابے میں
دیکھو ہم نے کیسے بسر کی اس آباد خرابے میں

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** اس نظم میں یادوں کے بارے میں شاعر کے خیالات سے آپ کس حد تک اتفاق کرتے ہیں؟

یا

(ب) ''جوش کا کلام نغمگی اور لفظی تصویر کشی میں یکتا ہے۔'' اس بیان کی روشنی میں مثالیں دے کر جوش کی شاعری پر تبصرہ کیجیے۔

[25]

© UCLES 2013

www.PapaCambridge.com

## Section 2

## دوسرا حصّہ

**4** *Umrao Jan Ada*, Mirza Mohammed Hadi Ruswa

### ۴۔ امراؤ جان ادا، مرزا رسوا

(الف) کیا یہ کہنا درست ہے کہ امراؤ جان ادا کی تو قسمت ہی خراب تھی؟ تفصیل سے لکھیے۔

یا

(ب) ''امراؤ جان ادا بظاہر ایک بے بس عورت تھی مگر لکھنؤ کے نواب اس کے اشاروں پر ناچتے تھے۔'' بحث کیجیے۔

[25]

**5** *Afsané*

### ۵۔ افسانے

(الف) افسانہ آنندی کے کس پہلو نے آپ کو سب سے زیادہ متاثر کیا ہے؟ وجوہات دے کر اپنے جواب کی وضاحت کیجیے۔

یا

(ب) افسانہ کفن کے کردار گھیسو اور مادھو قابل ہمدردی ہیں یا قابل نفرت؟ اپنی رائے کی تفصیل سے وضاحت کیجیے۔

[25]

**6** *Anar Kali*, Imtiaz Ali Taj

### ۶۔ انارکلی، امتیاز علی تاج

(الف) آپ کے خیال میں اکبر اعظم کس کشمکش میں گرفتار تھا؟ تفصیل سے لکھیے۔

یا

(ب) ''اگر رانی چاہتی تو اپنے بیٹے کی خواہش پوری کرنے میں ایک اہم کردار ادا کر سکتی تھی۔'' اس بیان کے بارے میں اپنی رائے تفصیل سے لکھیے۔

[25]

© UCLES 2013

BLANK PAGE

www.PapaCambridge.com

© UCLES 2013

BLANK PAGE

www.PapaCambridge.com

© UCLES 2013

## BLANK PAGE

www.PapaCambridge.com

*Copyright Acknowledgements:*

Question 1a © Syed Nadeem Jafar; *A Level Urdu Nisab;* Sang-e-Meel Publications; 2009.
Question 2a © Nasir Kazmi; *Intekhab-e-Nazir;* Jahangir Book Depot; 2003.
Question 3a © *Sar-o-Saman;* Al Makhzan Printers; 1992.

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

University of Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of the University of Cambridge.

© UCLES 2013